مطبوعات

یادِ رفتگان (۲) | رشحاتِ قلم جناب ماہر القادری ۔ مرتبہ: طالب الہاشمی ۔ ناشر: حسنات اکیڈمی ۱۹-سی، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور ۱۸ ۔ کتابت وطباعت اچھی، جلد سرورق خوب ۔ صفحات: ۴۸۶ ۔ قیمت: ۶۰/- روپے (زیادہ نہیں)

جناب طالب الہاشمی اور حسنات اکیڈمی مستحق تبریک ہیں کہ انہوں نے باہمی تعاون سے ماہر القادری مرحوم کی علمی، ادبی تحریروں کو جمع کر کے شائع کرنے کا اہتمام کیا اور اُردو زبان کی زینت کے لیے ایک شاندار گلدستے کو محفوظ و مزین کر دکھایا۔ یہ کام ابھی جاری ہے۔ بہت سے اہلِ قلم وسخن کے ذریعے ہونے والے اچھے اچھے کام ان کی وفات کے بعد زینتِ طاقِ نسیاں بن جاتے ہیں ۔ ماہر صاحب کے نام کو نمایاں رکھنے کی مساعی بہت قابلِ قدر ہیں۔

اس کتاب کے حصہ اول پر ہمارے ہاں تبصرہ ہو چکا ہے ۔ اس پر کسی اضافے کی ضرورت نہیں۔ نئے لوگوں سے اتنا ہی کہا جا سکتا ہے کہ رنگا رنگ انسانی شخصیتوں کی خاکہ نگاری کے ایوان کی سیر کیجیے۔ آپ کو یوں محسوس ہونے لگے گا کہ آپ ان کے سامنے اُٹھ بیٹھ، چل پھر رہے ہیں اور ان کی باتیں سن رہے ہیں۔ شخصیتوں کے جلووں کے ساتھ ساتھ آپ قرطاس کے چلتے فلم پر تاریخ اور سماج اور نجی زندگیوں کے بہت سے واقعات کو بھی رونما ہوتا دیکھیں گے ۔ اس دوران میں آپ کو محسوس ہو گا کہ آپ ساکن نہیں ہیں، بلکہ ماہر القادری صاحب کا حسنِ بیان آپ کو حالتِ پرواز میں لے آیا ہے ۔ اُڑتے اُڑتے آپ طویل و عریض سیرگاہ میں علماء، ڈاکٹروں، فاضلوں، شاعروں، ادیبوں، خادمانِ اسلام، فقراء، انقلابیانِ حق، نکتہ دانانِ